مولانا مودودیؒ کی شگفتہ مزاجی مرتبہ: جناب عبدالغنی عثمان ایم اے۔ ناشر: مکتبہ تعمیر انسانیت اُردو بازار۔ لاہور۔ اچھے کاغذ، خوشنما دبیز رنگین سرورق اور معیاری کتابت وطباعت کے ساتھ ۱۶۰ صفحات کی کتاب کی قیمت ۱۵/- روپے

مولانا مودودیؒ کی کتاب شخصیت کا ایک اہم باب ان کی شگفتہ مزاجی ہے۔ اس سلسلے میں مختلف احباب نے ان کی لطافتِ بیان اور خاص خاص شگفتہ جملوں کا تذکرہ کیا ہے۔ لیکن جناب عبدالغنی عثمان ایم اے نے مختلف کتابوں اور رسائل کی ورق گردانی کر کے کلام مودودیؒ کے ان پھول کلیوں کو جمع کر کے یہ گلدستہ تیار کر دیا ہے۔ آئندہ کام کرنے والوں کے لیے یہ کتاب ایک سنگِ میل ہوگی اور اس کا وجود اردو ادب پر بھی احسان ہے۔

قرآن کریم اور نباتیات و زراعت کی تدریس مرتبہ: جناب ارشد جمیل۔ بہ اہتمام انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، اسلام آباد، (۳-۵۶ شالیمار ۴/۶) خوشنما طباعت و سرورق۔ قیمت: ۱۲/- روپے

کام کرنے کا یہ بالکل ایک نیا اور اہم ترین میدان ہے کہ اسلامی انقلاب کو پیش نظر رکھنے والے اصحاب اور ادارے نصابی سلسلوں ـــــ خصوصاً جن کا تعلق سائنسی مضامین سے ہو ـــــ کے متعلق رہنمائی دیں کہ ان میں رُوح اسلام اور پیغام اسلام کو کس طرح سمویا جائے کہ فلسفے اور سائنس کے طالب علم کے ذہن میں معلومات کا تو خزانہ جمع ہوتا رہے، مگر اس کا ایمان کوئی غذا پانے کے بجائے اگر یکسر ختم نہیں تو کم سے کم جاں بلب ہو جائے۔ ملحدانہ اور مادہ پرستانہ تصورات کے فروغ کا اصل کام نصابی (اور ان کے بعد علمی) سلسلہ ہائے کتب سے ہوا ہے۔ اب احیائے اسلام مطلوب ہو تو مسلمانوں کو بھی اس میدان میں کام کرنا چاہیے۔

ایک لحاظ سے یہ کتاب بہت قابلِ قدر ہے کہ تقریباً ہر ضروری موضوع پر نباتیات و زراعت کے متعلق قرآنی رہنمائی کو عنوان وار پیش کیا گیا ہے۔ دوسری طرف اسے ایک آغاز سمجھنا چاہیے کہ کس طرح ہم ہر علم (اور اس کے نصاب) کے مباحث کے اندر بالکل فطری انداز سے حقائق الٰہیہ کو اس طرح شامل اور حل کر سکتے ہیں کہ پڑھنے والا اس تصور کے بغیر بھی ان حقائق کو عقلی بنیادوں پہ جذب کرے کہ یہ کوئی مذہبی تعلیمات ہیں جن کو نصاب کا جزو بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ایک بڑا کام